12208- نماز تراویح ڈیوٹی کے دوران آتی ہوں تو کیا کرنا چاہیے؟

سوال

میری ڈیوٹی کا وقت نماز تراویح ختم ہونے سے قبل شروع ہوجاتا ہے. جس کی بنا پر مجھے ڈیوٹی پر جانا پڑتا ہے، لہذا مجھے کیا کرنا چاہیے ؟

پسندیدہ جواب

آپ جتنی تراویح باجماعت ادا کرسکتے ہیں وہ امام کے ساتھ ادا کریں اور دو یا چار یا چھ رکعت کے بعد جانے میں کوئی حرج نہیں، باقی تراویح آپ گھر میں مکمل کرلیں، اور آخر میں وتر ادا کرلیں.

اور اگر کسی مسجد میں نماز تروایح جلد ادا کی جاتی ہوں اور آپ امام کے ساتھ نماز تروایح مکمل کرکے ڈیوٹی پر جاسکتے ہوں تو یہ بہتر ہے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"جس نے امام کے جانے تک امام کے ساتھ قیام کیا اس کے لیے پوری رات کے قیام کا اجروثواب لکھا جاتا ہے"

سنن ترمذی حدیث نمبر (806) علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح ترمذی میں اسے صحیح قرار دیا ہے.

واللہ اعلم.